پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

02/12/2021

جینیٹک امپرومینٹ فار بیف اینڈ گوٹ اسکیم کیلئے 112.50 لاکھ روپئے کی رقم منظور

لکھنؤ: ۲/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

اتر پردیش حکومت نے قومی مویشی مینجمنٹ پروگرام کے تحت جینیٹک امپرومینٹ فار بیف اینڈ گوٹ اسکیم (janatics improvement for beef and goat scheme) کیلئے 112.50 لاکھ روپئے کی رقم رواں مالیاتی سال میں منظور کی ہے۔ یہ رقم 60 فیصد مرکزی امداد یافتہ اور 40 فیصد ریاستی امداد یافتہ ہے۔منظور رقم کا استعمال درج فہرست ذات کیلئے اسپیشل کمپوننیٹ اسکیم (special component scheme) کے تحت کیا جائیگا۔

محکمۂ مویشی پروری کے ذریعہ اس ضمن میں سرکاری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے اسکیم کے منظّم عمل آوری کیلئے ڈائرکٹر انتظامیہ اور ترقیات، مویشی پروری محکمہ کو ضروری رہنما ہدایات دے دی گئی ہیں۔حکم نامہ میں کہا گیا ہے کہ منظور رقم کی نکاسی اور استعمال حکومت ہند نیز ریاستی حکومت کے ذریعہ ایس سی ایس پی /ٹی ایس پی کیلئے مقررہ پیمانوں اور گائڈ لائن پر پوری طرح عمل آوری کو یقینی بناتے ہوئے کیا جائیگا۔

☆☆☆☆☆